NYC Public Schools PS+YOU

From Chancellor **David C. Banks**

چانسلر David C. Banks کی جانب سے ایک خبرنامہ

ہمارے اسکول آپ کی زبان بولتے ہیں

عزیزی نیو یارک کے مکین،

ہمارے طلبا اور خاندان 180 سے زائدد زبانیں بولتے ہیں۔ !180 میرے لیے یہ تعداد اس شہر کے بھر پور ثقافتی تانے بانے کی اور دنیا کو نئے نقطہ نظر سے دیکھنے کے لیے ہمارے سامنے بے شمار مواقع کی نمائندگی کرتا ہے۔

میں ضلع 9 کی اجتمائی تعلیمی کونسل (CEC) کو ایسا کرنے پر داد دینا چاہتا ہوں۔ پچھلے ہفتے ضلع 9 CEC نے ہسپانوی زبان میں اپنے ٹاون ہال اجلاس کا انعقاد کیا تھا، جس میں انگریزی اور دیگر زبانیں بولنے والوں شرکا کے لیے ترجمانی میسر تھی۔ ایسا کرتے ہوئے، CEC نے ضلع 9 کے کئی ایسے خاندانوں کو جن کی گھریلو زبان ہسپانوی ہے یہ ظاہر کیا : ہم آپ کی موجودگی سے باعلم ہیں۔ اس کا مطلب یہ بھی تھا کہ انگریزی زبان بولنے والوں کو یہ احساس ہوا کہ ترجمانی کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنا کیسا لگتا ہے۔ یہ تجربہ میرے لیے آنکھیں کھول دینے والا تجربہ تھا — اس حد تک کہ ہم خبرنامے کو انگریزی ترجمے کے لنک کے ساتھ ہسپانوی زبان میں بھیج کر PS+ You کے اس شمارے کو بھی تبدیل کر رہے ہیں۔

ہر خاندان کو اپنے بچے کی تعلیم میں شمولیت کرنے کا حق ہے، اور اسی وجہ سے، پورے NYCPS میں لسانی رسائی ایک ترجیح ہے۔ ہمارے ہر ایک اسکول میں لسانی رسائی رابطہ کار ہیں، ساتھ ہی تمام خاندانوں کے ساتھ ابلاغ میں معاونت کرنے کے لیے سرمایہ مختص ہے۔ گزشتہ سال، ہمارے دفتر برائے لسانی رسائی کی زیرِ قیادت ہم نے تقریباً 11,000 انفرادی تعلیمی پروگرام IEPs کا ترجمہ 51 زبانوں میں کیا تھا اور 289,000 سے زائد بذریعہ فون گفتگو کے لیے 93 زبانوں میں ترجمانی فراہم کی تھی۔ ہم اجلاس اور تقریبات میں بھی ترجمانی فراہم کرتے ہیں اور کئی دیگر دستاویزات اور ابلاغ کا

ترجمہ کرتے ہیں۔ اس لیے تمام خاندان برائے مہربانی آگاہ رہیں: ہمارے اسکول آپ کی زبان بولتے ہیں! میں آپ کی مزید جاننے یا لسانی خدمات کی درخواست کرنے کے لیے ہماری ویب سائٹ پر جانے کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں۔

میں ہمارے دولسانی پروگراموں کو تقویت اور وسعت دینے کے لیے ہماری جدو جہد کو نمایاں کرنا چاہتا ہوں۔ گزشتہ سال ہمارے شہر بھر میں — ایسے 557 اختراعی پروگرام تھے — جو طلبا کو انگریزی اور بنگالی سے لے کر ہیشئین کریول، جاپانی سے پولیش زبان تک 12 زبانوں میں سے کسی ایک زبان میں، دونوں میں طلبا کو تعلیم دیتے ہیں۔ جیسے ہمارے طلبا دولسانیت کی تعمیر کررہے ہیں ہم ان پروگراموں کو توسیع دینے کے متمنی ہیں؛ ان میں (طلبا) ہمارے عالمی معاشرے میں قیادت کرنے اور کامیاب ہونے کی صلاحیتوں کو سیکھتے ہیں۔

مجھے یقین ہے کہ ہم ایک دوسرے سے بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں، اور یہ کہ دیگر نقطہ نظر، ثقافتوں، اور زبانوں کا خیرمقدم کر کے ہماری مشترکہ انسانیت کو تقویت ملتی ہے۔ میں پہلے بھی کہہ چکا ہوں اور میں اس بات کو دوبارہ کہوں گا: ہمارے شہر کا تنوع ہماری سب سے بڑی طاقت ہے۔

مائل بہ پرواز،

David C. Banks

چانسلر

ہماری مرکزِ توجہ وڈیو: ذیل زبانوں میں دستیاب ہے اردو



NYCPS کی تازہ ترین خبروں کے لیے ہمیں آن لائن X، فیس بُک اور انسٹا گرام پر فالو کریں۔

اور یہاں میئر Eric Adams کی ہفتہ وار وڈیو ہے۔ اگر آپ میئر کے دفتر سے براہِ راست جدید معلومات موصول کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، براہِ مہربانی یہاں کلک کریں۔

NYCPS خاندان: اگر آپ مزید PS+You خبرنامہ موصول نہیں کرنا چاہتے، برائے مہربانی ان سبسکرائب کریں۔